## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Notice No. 598**

**Department: - Health**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 598

منجانب:۔ محترمہ نیلوفر بابر صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ ضلع چترال کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ کی حالت نہایت تشویشناک ہے۔ جہاں پر کل آٹھ بیڈز موجود ہیں جن میں چار خواتین اور چار مرد مریضوں کے لئے مختص ہیں۔ یہ علاقے کی آبادی اور ایمرجنسی کیسز کے لئے ناکافی ہیں۔ معمول کے دنوں میں بھی یہ بیڈز پورے نہیں پڑتے اور اگر خدانخواستہ کوئی بڑا حادثہ یا سانحہ پیش آجائے تو عوام کو ناقابل برداشت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ضلع چترال کا جغرافیہ دور دراز اور دشوار گزار ہونے کے ناطے مریضوں کو دیگر شہروں کے بڑے ہسپتالوں تک پہنچانا بھی انتہائی مشکل اور وقت طلب عمل ہے۔ لہٰذا صوبائی حکومت ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ میں بیڈز کی تعداد میں خاطر خواہ اضافہ، جدید طبّی آلات اور اضافی عملے کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔

**Notice No. 870**

**Department: - Health**

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 870

منجانب:۔ جناب فضل الٰہی صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ BHU ہزار خوانی کی RHC میں اپگریڈیشن کی منظوری سال 15-2014 میں بذریعہ ADP نمبر 170653 ہوئی تھی جو گزشتہ 10 سالوں سے نامکمل ہے۔ جسکی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات درپیش ہیں۔ محکمہ صحت اور محکمہ C&W بلڈنگ ڈویژن۔II پشاور اس کو مکمل کرنے میں مکمل ناکام رہی ہے۔ دونوں محکموں کا باہمی رابطوں میں بھی فقدان ہے اور کوئی بھی محکمہ ذمہ داری لینے کو تیار نہیں، جسکا خمیازہ عوام کو بھگتنا پڑ رہا ہے۔ لہٰذا ذمہ داروں کیخلاف کاروائی کی جائے اور اس کو جلد از جلد مکمل کیا جائے۔